The Absolute Reality

www.quran4u.com

وَمَا يُكَذِّبُ بِهِ إِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ أَثِيمٍ

اور اس کو جھٹلاتا وہی ہے جو حد سے نکل جانے والا گنہگار ہے

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary

(فتح محمد جالندھري)

سورۃ المطفّفین

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

ناپ اور تول میں کمی کرنے والوں کے لئے خرابی ہے	.1
جو لوگوں سے ناپ کر لیں تو پورا لیں	.2
اور جب ان کو ناپ کر یا تول کر دیں تو کم دیں	.3
کیا یہ لوگ نہیں جانتے کہ اٹھائے بھی جائیں گے	.4
(یعنی) ایک بڑے (سخت) دن میں	.5
جس دن تمام لوگ رب العالمین کے سامنے کھڑے ہوں گے	.6
سن رکھو کہ بدکاروں کے اعمال سجّین میں ہیں	.7
اور تم کیا جانتے ہو کہ سجّین کیا چیز ہے؟	.8

.9	ایک دفتر ہے لکھا ہوا
.10	اس دن جھٹلانے والوں کی تباہی ہے
.11	(یعنی) جو انصاف کے دن کو جھٹلاتے ہیں
.12	اور اس کو جھٹلاتا وہی ہے جو حد سے نکل جانے والا گنہگار ہے
.13	جب اس کو ہماری آیتیں سنائی جاتی ہیں تو کہتا ہے یہ تو اگلے لوگوں کے افسانے ہیں
.14	دیکھو یہ جو (اعمال بد) کرتے ہیں ان کا انکے دلوں پر زنگ بیٹھ گیا ہے
.15	بیشک یہ لوگ اس روز اپنے پروردگار (کے دیدار) سے اوٹ میں ہوں گے
.16	پھر دوزخ میں جا داخل ہوں گے
.17	پھر ان سے کہا جائے گا یہ وہی چیز ہے جس کو تم جھٹلاتے تھے
.18	(یہ بھی) سن رکھو کہ نیکو کاروں کے اعمال علیین میں ہیں
.19	اور تم کو کیا معلوم علیین کیا چیز ہے؟
.20	ایک دفتر ہے لکھا ہوا
.21	جس کے پاس مقرب (فرشتے) حاضر رہتے ہیں
.22	بیشک نیک لوگ چین میں ہوں گے
.23	تختوں پر بیٹھے ہوئے نظارے کریں گے
.24	تم ان کے چہروں ہی سے راحت کی تازگی معلوم کر لوگے
.25	ان کو خالص شراب سربمہر پلائی جائے گی
.26	جس کی مہر مشک کی ہوگی۔ تو (نعمتوں کے) شائقین کو چاہیے کہ اسی سے رغبت کریں

.27	اور اس میں تسنیم (کے پانی) کی آمیزش ہوگی
.28	وہ ایک چشمہ ہے جس میں سے (خدا کے) مقرب پئیں گے
.29	جو گنہگار (یعنی کافر) ہیں وہ (دنیا میں) مومنوں سے ہنسی کیا کرتے تھے
.30	اور جب انکے پاس سے گزرتے تو حقارت سے اشارے کرتے
.31	اور جب اپنے گھر کو لوٹتے تو اتراتے ہوئے لوٹتے
.32	اور جب ان (مومنوں) کو دیکھتے تو کہتے کہ یہ تو گمراہ ہیں
.33	حالانکہ وہ ان پر نگراں بنا کر نہیں بھیجے گئے تھے
.34	تو آج مومن کافروں سے ہنسی کریں گے
.35	(اور) تختوں پر (بیٹھے ہوئے انکا حال) دیکھ رہے ہوں گے
.36	تو کافروں کو ان کے عملوں کا (پورا پورا) بدلا مل گیا

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com